## نعت خواں خورشید احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے معروف نعت خواں الحاج خورشید احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## صرف سابق وزرائے اعظم اور بڑے بڑے سیاسی رہنماؤں کے ہی نہیں بلکہ تمام غریب سیاسی کارکنوں کے مقدمات بھی بلاامتیاز ختم کئے جائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔30، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صدر جنرل پرویز مشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر حکومت بڑے سیاسی رہنماؤں، ارکان پارلیمنٹ اور سابق وزراء اور وزرائے اعظم کے خلاف ماضی میں قائم کئے جانے والے مقدمات واپس لینے پر غور کررہی ہے تو پھر صرف بڑے بڑے سیاسی رہنماؤں کے ہی نہیں بلکہ عام غریب سیاسی کارکنوں پر قائم کئے جانے والے مقدمات بھی بلاامتیاز سیاسی وابستگی ختم کئے جائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ کیا مذاق ہے کہ بڑے بڑے سیاسی رہنماؤں کے مقدمات واپس لے لیے جائیں اور غریب سیاسی کارکنان مقدمات بھگتتے رہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ سراسر ظلم، ناانصافی اور دہرا معیار ہے کہ بڑے بڑے لیڈروں پر قائم کئے جانے والے مقدمات تو واپس لے لئے جائیں لیکن عام غریب کارکنان کو مقدمات جھیلنے کیلئے چھوڑ دیا جائے۔حکومت یہ ظلم، ناانصافی اور دہرا معیار اختیار نہ کرے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صدر مملکت جنرل پرویز مشرف سے ایم کیوایم کا یہ مطالبہ ہے اگر حکومت بڑے بڑے سیاسی لیڈروں پر ماضی میں قائم کئے جانے والے مقدمات واپس لینے کا فیصلہ کررہی ہے تو پھر تمام عام غریب سیاسی کارکنوں پر قائم کئے جانے والے مقدمات بھی واپس لئے جائیں، چاہے ان سیاسی کارکنوں کا تعلق کسی بھی پارٹی سے ہو کیونکہ یہ عام کارکنان بھی اسی طرح برابر کے پاکستانی شہری ہیں جس طرح بڑے بڑے سیاسی لیڈر اور ارکان پارلیمنٹ اور وزراء ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کا بنیادی فلسفہ یہی ہے کہ تمام پاکستانی برابر ہیں اور سب کو برابر کے حقوق میسر ہوں۔اسلئے اگر بڑے سیاسی لیڈر پر قائم مقدمات ختم کئے جارہے ہیں تو تمام پارٹیوں کے عام غریب سیاسی کارکنوں پر قائم مقدمات بھی واپس لئے جائیں۔واضح رہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پرویز مشرف کے معتمد خصوصی طارق عزیز سے ملاقات کے دوران بھی اپنے اس مؤقف سے واضح اور دوٹوک الفاظ میں آگاہ کیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اگر حکومت نے صرف بڑے سیاسی لیڈروں کو رعایت دیتے ہوئے ان کے مقدمات ختم کئے اور عام غریب سیاسی کارکنوں کے مقدمات ختم نہ کئے گئے تو ایم کیوایم حکومت کے اس عمل کی مخالفت کرے گی۔

## ایم کیوایم کے بزرگ رہنما اور تحریک پاکستان کے کارکن حسن مثنیٰ علوی مرحوم کا چہلم چہلم کے اجتماع میں رابطہ کمیٹی، وزراء، ارکان اسمبلی، ناظمین اور کارکنان کی شرکت

کراچی۔۔۔30، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے بزرگ رہنما اور تحریک پاکستان کے کارکن سید حسن مثنیٰ علوی مرحوم کا چہلم آج ان کی رہائشگاہ واقع نارتھ کراچی میں ہوا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔چہلم کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نیک محمد، آنسہ ممتاز انوار، محترمہ خورشید افسر، وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اقبال محمد علی، صوبائی وزیر رؤف صدیقی، حق پرست ارکان قومی اسمبلی اخلاق عابدی، عبدالوسیم، عابد علی امنگ، ارکان سندھ اسمبلی ادریس صدیقی، خالد بن ولایت، عباس جعفری، نشاط محمد ضیاء، طیب ہاشمی، ڈاکٹر عبدالعزیز بانٹوا، اختر بلگرامی، حق پرست یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین، ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں حسن مثنیٰ علوی مرحوم کے بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کے علاوہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

متحدہ قومی موومنٹ گلستان جوہر سیکٹر کو دوحصوں میں تقسیم کردیا

## گلستان جوہر اور گلشن معمار سیکٹرز کمیٹی اور یونٹ کمیٹیوں کے ارکان کے ناموں کا اعلان کر دیا

## کوئی بھی ذمہ داری تحریک کی امانت ہے، شعیب بخاری

کراچی۔۔۔30، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلستان جوہر سیکٹر میں تنظیمی امور کو مزید بہتر اور فعال بنانے کیلئے گلستان جوہر سیکٹر کو دو حصوں میں تقسیم کر کے اسکیم 33 گلشن معمار کے نام سے نیا سیکٹر تشکیل دے دیا ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیو ایم گلستان جوہر سیکٹر کی تنظیم نو کے سلسلے میں اجلاس ہوا جس میں سیکٹر اور یونٹ کمیٹیوں کے عہدیداران کے ناموں کا اعلان کیا گیا۔ تنظیم نو کا اعلان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے گلستان جوہر سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے شعیب احمد بخاری نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر و فلسفہ سچائی پر مبنی ہے یہی وجہ ہے کہ حق پرستی کا فلسفہ آج ملک بھر کے عوام میں تیزی سے مقبولیت حاصل کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے غریب و متوسط طبقہ کے عوام کو ایم کیو ایم سے دور رکھنے کی سازشیں کی جاتی رہیں لیکن مختلف قومیتوں اور مذہبی اقلیتوں کو ایم کیو ایم سے بدظن نہیں کیا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں ایم کیو ایم پنجاب کے ورکرز کنونشن کی کامیابی، ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے نومنتخب سیکٹر کمیٹی اور یونٹ کمیٹیوں کے اراکین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کارکنان کو دی گئی کوئی بھی ذمہ داری تحریک کی امانت ہوتی ہے لہٰذا تمام کارکنان کو احساس ذمہ داری کے ساتھ اپنے فرائض ادا کریں۔

## حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے چانڈکا میڈیکل اسپتال لاڑکانہ کے توسیعی منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا

لاڑکانہ۔۔۔30، اگست 2007ء

حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے گزشتہ روز چانڈکا میڈیکل ہسپتال لاڑکانہ کی بلڈنگ کی توسیع کے منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھا۔ لاڑکانہ چانڈکا میڈیکل اسپتال کی بلڈنگ کی توسیع کا منصوبہ 25، لاکھ روپے کی لاگت سے مکمل ہوگا۔ اس سلسلے میں چانڈکا میڈیکل اسپتال میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شہر کے معززین، اسپتال کی انتظامیہ، افسران اور ایم کیو ایم لاڑکانہ زونل کمیٹی کے انچارج اور اراکین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا کہ حق پرست قیادت کھوکھلے نعروں پر نہیں بلکہ عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے اور آج لاڑکانہ چانڈکا میڈیکل اسپتال کے توسیعی منصوبہ کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا تاکہ عوام کو علاج و معالجے کی زیادہ سے زیادہ سہولیات میسر آسکیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست منتخب نمائندوں کو صرف اور صرف عوام کی بلاتفریق خدمت کرنے کا درس دیا ہے اور حق پرست منتخب نمائندے اپنے تمام تر وسائل اور صلاحیتوں کو عوام کے مسائل کے حل کیلئے استعمال کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں ایم کیو ایم کو تنقید کا نشانہ بناتیں ہیں جبکہ شہر اور صوبہ میں جاری ایم کیو ایم کے عملی کام انہیں اس لئے نہیں دکھائی دیتے کہ وہ سیاست میں عوامی خدمت کے جذبہ سے عاری ہیں۔ اس موقع پر اسپتال کی انتظامیہ، افسران اور اہلیان شہر نے چانڈکا اسپتال کے توسیعی منصوبے کے سنگ بنیاد اور اس کیلئے فنڈ زفراہم کرنے پر حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی سے تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعا کی۔

## انٹر سال اول کے داخلے کی تاریخ میں مناسب توسیع کی جائے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔30 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ انٹر سال اول کے داخلے کی تاریخ میں مناسب توسیع کی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کی جانب سے میٹرک پاس کرنے والے طلبہ و طالبات کی مارک شیٹ تاخیر سے جاری کی گئی ہے جبکہ طلبہ و طالبات کے ایک بڑی تعداد اپنے داخلے کے سلسلہ میں داخلہ فارم بھی حاصل نہیں کر سکے ہیں اور ان طلبہ و طالبات کو انٹر سال اول میں داخلے حاصل کرنے کیلئے داخلے کی تاریخ میں توسیع ضروری ہے تاکہ تمام طلبہ و طالبات داخلہ حاصل کر سکے اور ان کا قیمتی تعلیمی سال ضائع نہ ہو سکے۔

☆☆☆☆☆